© rasailojaraid.com

بیرون ممالک قادیانی ریشہ دوانیاں اور پاکستان

عبداللطیف خالد چیمہ

پاکستان بننے کے بعد موسیو ظفر اللہ خان نے وزارتِ خارجہ کا قلم دان سنبھالا تو بیرون ممالک پاکستانی سفارت خانوں کو قادیانی اِرتدادی اڈوں میں تبدیل کرنے پر کام شروع کر دیا گیا۔ ۱۹۵۳ء میں تحریک مقدس تحفظ ختم نبوت چلی اور ۱۹۷۴ء میں پارلیمنٹ کے فلور پر لاہوری و قادیانی مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا، خوشگوار حیرت کی اِنتہا ہے کہ ۱۹۷۰ء میں جس بھٹو مرحوم کی پیپلز پارٹی نے قادیانیوں کی حمایت حاصل کی، ۱۹۷۴ء میں اُسی پیپلز پارٹی کے دورِ اقتدار میں خود بھٹو کے ہاتھوں قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا۔ جس کی جملہ کارروائی انٹرنیٹ پر آچکی ہے اور اِن شاء اللہ تعالیٰ مستقبل قریب میں شائع بھی ہو جائے گی۔ دستور کی اسلامی دفعات خصوصاً تحفظ ناموس رسالت اور تحفظِ ختم نبوت جیسے قوانین کے خلاف بین الاقوامی سطح پر مہم زور پکڑ رہی ہے اور اس میں بیرون ممالک بعض پاکستانی سفارت خانے اور سفارت کار بھی قادیانی سازشوں کا شکار ہو کر ملک وملت کے خلاف سازشوں کا حصہ بنے ہوئے ہیں۔ بیرونی دنیا سے ہمیں مسلسل ایسی خبریں موصول ہوتی رہتی ہیں کہ قادیانی گروہ دجل وفریب کے ساتھ اسلام اور پاکستان کے خلاف لابنگ میں مصروف ہے۔ تازہ ترین صورتحال یہ ہے کہ برطانیہ میں پاکستانی سفارت خانہ (لندن) قادیانی سازشوں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ پاکستانی ہائی کمشنر واجد شمس الحسن، مسٹر زرداری کی وفاداری میں تمام حدود کراس کر چکے ہیں، ۱۳؍فروری کو سفارت خانے میں قادیانی آنجہانی ڈاکٹر عبدالسلام کی خدمات کے نام پر ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں ڈاکٹر عبدالسلام کو مسلم سائنسدان کے طور پر پیش کیا گیا۔ لارڈ طارق احمد برطانوی منصب کے سائے تلے ملک وملت کے خلاف سازشوں کی مکمل سرپرستی کر رہے ہیں اور ''قادیانی زرداری پیکٹ'' کے لیے بڑے بے چین ہیں۔ گزشتہ دنوں انہوں نے مسٹر زرداری کا ملکہ برطانیہ کی طرف سے ہیتھرو ائیر پورٹ پر استقبال کیا۔ قادیانی ٹی وی (M.T.A) مسلم ٹی وی احمدیہ کے نام سے لندن سے دن رات اسلام اور پاکستان کے خلاف زہر اگل رہا ہے۔ اب یہ چینل کسی دوسرے ملک کے سیٹلائٹ سسٹم کی بجائے پاکستان کی اپنی سیٹلائٹ پاک سیٹ آر 38 ڈگری پر چل رہا ہے اور اسلام کے نام پر اسلام دشمنی پھیلا رہا ہے۔ یہ صورتحال آئین وقانون کے حوالے سے بھی قابل گرفت ہے۔ حکومت اور پیمرا سمیت متعلقہ ادارے کوئی نوٹس نہیں لے رہے اور اس محاذ پر کام کرنے والی قابل احترام جماعتیں بھی توجہ نہیں دے رہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہم سب کے لیے از حد ضروری ہے کہ روایتی و تنظیمی کام کے ساتھ ساتھ انٹرنیشنل سطح کی قادیانی سرگرمیوں کو واچ کریں۔ ذہن سازی اور لابنگ کے لیے راستے تلاش کریں تا کہ قادیانی ریشہ دوانیوں اور سازشوں کے توڑ اور سد باب کے لیے ہم آگے بڑھ سکیں۔

گزشتہ ماہ آپ نے دیکھا کہ بظاہر انسانی حقوق کے نام پر اور درحقیقت قادیانی ایجنڈے پر کام کرنے والی مشہورِ زمانہ عاصمہ جہانگیر کا نام نگران وزیر اعظم کی فہرست میں بہت پیچھے آچکا ہے۔ یہ نام امریکہ کی مرضی کا نام تھا، جسے مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور اپوزیشن لیڈر چودھری نثار علی خان نے تجویز کیا اور پیپلز پارٹی بھی تائید کر چکی تھی، متحدہ تحریک ختمِ نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان اور اس میں شامل جماعتوں کے تمام رہنماؤں نے اِس حوالے سے جانکاہ محنت کی اور عاصمہ جہانگیر کے اسلام و وطن دشمن کردار خصوصاً موصوفہ کی قادیانیت نوازی کو میڈیا پر پوری طرح بے نقاب کیا۔ سو الحمدللہ قوم میں بیداری پیدا ہوئی اور اس احتجاج کے بعد حکمران، اپوزیشن اور مقتدر حلقے اس نام کو فہرست سے خارج کرنے پر غور کرنے لگے خود موصوفہ فرما رہی ہیں کہ ”مجھے نگران وزیر اعظم بننے کا کوئی شوق نہیں“ جبکہ قبل ازیں فرما چکی ہیں کہ ”میرا نام پیش ہوا مجھے اس پر فخر ہے“ بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو مل جل کر اصل دشمن کے اہداف کو سمجھنے کی توفیق سے نوازیں (آمین)

نئی کتابیں

سیّدی وابی
(اضافہ شدہ ایڈیشن)
حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمتہ اللہ علیہ کے سوانح و افکار اور جیل سے لکھے گئے بیٹی کے نام خطوط
تاریخی واقعات، ذاتی یادداشتیں، عظیم شخصیات کا تذکرہ
ایک عظیم بیٹی کا اپنے عظیم باپ کو خراجِ تحسین

مصنفہ
بنتِ امیر شریعت سیدہ اُم کفیل بخاری رحمۃ اللہ علیہا
صفحات: 336
قیمت: -/400 روپے

مضامینِ راحیل
مشہور سابق قادیانی شیخ راحیل احمدؒ کے اسلام قبول کرنے کے بعد آپ بیتی، تاثرات، مرزا مسرور احمد کے نام خطوط، تاریخی انٹرویوز اور قادیانیوں کو دعوتِ اسلام پر مشتمل مضامین کا مجموعہ
ترتیب محمد عامر اعوان / انیف کاشر
صفحات: 744 • قیمت: -/700 روپے
ناشر: احرار فاؤنڈیشن پاکستان، 69-سی نیو مسلم ٹاؤن لاہور

ملنے کے پتے
راوی پبلشرز، الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور: 0345-4233071
رویم پبلشرز، الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور: 0300-9480356
مکتبہ معاویہ جامع مسجد روڈ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال: 0304-6464253
Zulfiqar Ali : 167 Kempton Road East-Ham Newhan E62 PD, Uk. Ph # 00447877816693

رابطہ بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان
061 - 4511961
0300-8020384

© rasailojaraid.com